آئیں بدلیں پاکستان   بنائیں قائداعظم کا پاکستان

11 مئی 2013ء! ملک میں بسنے والے تمام افراد کی قسمتیں بدلنے اور ملک کو امن، ترقی، خوشحالی اور قائداعظم کے پاکستان کی سمت بڑھنے کا ایک اہم قدم ہے۔ اس دن ہر وہ شخص جو پاکستانی شہری اور جس کا ووٹ ہے وہ اس فیصلہ سازی میں شریک ہوسکتا ہے۔ ملک میں تنذلی، بدحالی، بیروزگاری، مہنگائی، دہشتگردی اور امن عامہ کی ناکس صورت حال پر ہم سب روزانہ گھروں سے لے کر دفاتر تک اور اپنی گلیوں سے لے کر شہر کے چورستوں تک پاکستان میں اپنی صورت حال کا رونا روتے ہیں مگر اس الیکشن میں اگر ہم اپنے ایک ووٹ کے ذریعے سے اپنے تمام مطالبات اور گزارشات کو کسی نظریہ اور فکر کے تحت کاسٹ کرنا چاہتے ہیں تو 11 مئی سے بہترین دن کوئی نہیں۔ ذرہ ذرہ مل کر ہی ریگستان اور قطرہ قطرہ مل کر ہی سمندر بنتے ہیں ایسے ہی ایک ایک ووٹ سے ہم پاکستان کے نظام میں تبدیلی لا سکتے ہیں۔ ہماری اپیل ہے کہ اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں اور اپنے خاندان، دوستوں اور حلقہ احباب کو بھی اسکی ترغیب دیں۔

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر   ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

مذہبی اقلیتوں کیلئے اس دن کی اہمیت اور بھی اہم ہے کیونکہ یہی وہ وقت ہے جب ہم ایسی پارٹیوں اور اُن کے امیدواروں کو ووٹ دینے کا فیصلہ کریں جن کے منشور اور پچھلی کارکردگیوں میں عوام کی فلاح و بہبود اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی بحالی کی جھلک نظر آتی ہو اور جو پاکستان کے نظام میں مثبت تبدیلی لا سکیں۔

ووٹ دیں اور ووٹ ضرور دیں تا کہ بدلے پاکستان

صحت و تعلیم میں | قانون و انصاف میں | امن و برداشت میں | حق و رسائی میں

HUMAN RIGHTS FOCUS
Struggling For Peace, Empowerment and Self Reliance

Hindu Sudhar Sabha

GLOBAL HUMAN RIGHTS DEFENCE